V

SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر (۵۲)	مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۶ ذی قعدہ سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۶ دسمبر سنہ ۱۹۴۱ء	جلد (۵۳)

حصہ اوّل

حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈرزان کونسل رامپور اسٹیٹ

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :-

داخلہ ۲۵ر نومبر سنہ ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ معروضہ ۲۰ر نومبر سنہ ۱۹۳۱ء

"محکمہ برقی ریاست رامپور کی قوت برقی مہیا کرنیکی شرائط و شرح"

منسلکہ کے نفاذ کی ازیکم جنوری سنہ ۱۹۳۲ء منظوری دیجاتی ہے۔

کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس

مرسل ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل حکم ہمایوں صادرہ ۲۵ر نومبر سنہ ۱۹۳۱ء -

نقل عرضداشت معروضہ ۲۰ر نومبر سنہ ۱۹۳۱ء اور شرائط

و شرح منسلکہ کی درج گزٹ کی جائے

۲۶ر نومبر سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط فیض عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

نوٹ :- شرائط و شرح محولہ بالا گزٹ کے حصہ سوم میں

شامل ہیں۔

آرڈر نمبر ۲۹۷

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض	میرساند

جناب عالی

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ر نومبر سنہ ۱۹۳۱ء میں

مسودہ "محکمہ برقی ریاست رامپور کی قوت برقی مہیا

کرنے کی شرائط و شرح" منسلکہ کاغذات پیش ہوا۔

جلسہ مذکور میں اسٹیٹ کونسل نے ازیکم جنوری سنہ ۱۹۳۲ء مسودہ

محولہ بالا کے نفاذ سے اتفاق کر لیا ہے۔ لہذا ترقی خواہ

مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری مسودہ مذکور

نفاذ ازیکم جنوری سنہ ۱۹۳۲ء شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۲۰ر نومبر سنہ ۱۹۳۱ء

آرڈرزان کونسل۔ رامپور اسٹیٹ

آرڈر نمبر ۱۵۱ :- واقع ۲۶ نومبر سنہ ۱۹۴۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۴ نومبر سنہ ۱۹۴۱ء میں عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت اشاعت مسلکہ منجانب گورنمنٹ بسلسلہ آیا متعلق درآمد فولاد اندرون ریاست برائے استعمال پیش ہو کر طے پایا کہ :-

حسب تجویز منجانب گورنمنٹ رامپور اعلان مسلکہ کا سرکاری گزٹ میں شائع کیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اشاعت گزٹ وغیرہ بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب دار الانشاء مرسل ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

بغرض اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ بعد اجرائے احکام اصل کاغذات واپس دفتر دار الانشاء کے جائیں۔ ۲۷ نومبر سنہ ۱۹۴۱ء

دستخط ڈپٹی سکریٹری صاحب دار الانشاء

جنگ کے لئے استعمال میں لایا جائے۔ لہذا گورنمنٹ رامپور اعلان کرتی ہے اور حکم دیتی ہے کہ فولاد کو اندرون ریاست لانے کی درخواست بذریعہ عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر پیش کیجائے مگر لحاظ رکھا جائے کہ فولاد کی درآمد ایسا سامان تیار کرنے کے لئے نہ ہوگی۔ جو جنگ کے لئے ضروری نہ ہو۔ اس قسم کی درخواست موصول ہونے پر عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر فارم ہائے مجوزہ گورنمنٹ ہند نمبری ڈبلو۔ ایس۔ بی۔ ۱۱۲ لغایت ۱۱۵ مجریہ سپلائی ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند مندرجہ میمورنڈم مورخہ ۱۵ اگست سنہ ۱۹۴۱ء کے ذریعہ اسٹیل امپورٹ کنٹرولر سپلائی ڈپارٹمنٹ ویلسلے ہاؤس۔ ۷۔ ویلسلے پلیس کلکتہ Steel Import Controller Depart. of supply. Wellesley House, 7, Wellesley Place Calcutta سے فولاد حاصل کرنے کی سعی فرمائیں گے۔

اعلان

ہرگاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ فولاد محض ضروریات

آرڈر نمبر ۴۲۲:۔ مورخہ ۳ دسمبر ۱۹۴۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۴ نومبر ۱۹۴۱ء میں عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری و اشاعت آرڈر نسبت جانچ ادویات ضروری ریاست رامپور ۱۹۴۱ء" منسلکہ کاغذات پیش ہو کر طے پایا کہ:۔

حسب تجویز "آرڈر نسبت جانچ ادویات ضروری ریاست رامپور ۱۹۴۱ء" منسلکہ کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام و اندراج گزٹ بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب دارالانشاء مرسلہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں بعد اجرائے احکام اصل کاغذات دفتر ہذا کو واپس کئے جائیں۔ ۴ دسمبر ۱۹۴۱ء

دستخط ڈپٹی سکریٹری صاحب دارالانشاء

نوٹ:۔ آرڈر مجوزہ حکم بالا حصہ سوئم میں شامل ہے۔